22 - 2 - 12

Estd.:1960

قائم شدہ: ۱۹۶۰ء

بانی : محمد نذیر مرحوم

اردو عوام کا بے باک ترجمان

روزنامہ اردو ٹائمز ممبئی

Vol.No.53 Issue No52

www.urdutimes.net

*R.N.I.Regn.No.6187/60

ڈاکٹروں کی بہترین نگہداشت سے دوسرے منزلہ سے گرنے والا ۱۹ / ماہ کا بچہ بچ گیا

تھانے ، ۲۱/ فروری: امراؤ اسپتال میں بہترین طبی نگہداشت اور ماں کی دعاؤں سے 19 / ماہ کے زعیب کو نئی زندگی ملی ہے، بچہ بظاہر دوسرے منزلہ سے گر گیا تھا، جس کو اس کی ماہ امراؤ اسپتال لے گئی، امراؤ اسپتال میں ڈاکٹروں نے بچہ کو ایمرجنسی روم میں داخل کیا، جہاں اس کو Venti Lator ، پر رکھا گیا، اعلیٰ درجے کے ڈاکٹروں نے محسوس کیا کہ بچہ کو بچانا آسان نہیں ہے، کیونکہ سر زخمی ہونے کی وجہ سے دماغ متاثر ہوا ہے، بہر حال ڈاکٹروں نے زعیب کو بچانے کا پختہ عزم کیا تھا، اگر چہ انہوں نے زعیب کی والدہ مریم اور ان کے شوہر وحید خان کو بتا دیا تھا کہ بچنے کی امید کم ہے، ہر چند کہ ڈاکٹر پوری کوشش کر رہی تھی، مریم نے واضح کیا کہ آئندہ 72 / گھنٹوں میں اگر چہ ڈاکٹروں نے کہا کہ زعیب خطرے سے باہر ہے، لیکن میں نے پانی تک نہیں پیا اور اپنے بچہ کی زندگی کے لئے دعا کی، والدہ نے مزید کہا کہ مجھے یقین تھا کہ صرف امراؤ اسپتال کے ڈاکٹر زعیب کو بچا سکتے ہیں، واضح رہے کہ شدید زخمی ہونے کے نتیجہ میں دماغ پر بہت اثر پڑا تھا، اور اندر خون بہنے لگا تھا، بہر حال زعیب کے دماغ کا آپریشن کامیاب رہا اور اس کی جان بچ گئی، اب زعیب بول سکتا ہے، کھا سکتا ہے دوسرے کے سہارے بیٹھ سکتا ہے، اور کنبے کے تمام لوگوں کو پہچان رہا ہے، تاہم ڈاکٹروں کے مطابق زخم کے پوری طرح اچھے ہونے میں مزید تین ماہ لگیں گے۔